# دی پریپ سکول

**جماعت: سوم　　اردو　　2025-26**

**اطلاقی گرامر : حرف، فاعل، مفعول، فعل**

پیارے بچو! آپ جانتے ہیں کہ وہ کلمہ جو الفاظ کے درمیان تعلق پیدا کرے **حرف** کہلاتا ہے۔

کام کرنے والے کو **فاعل** کہتے ہیں۔

**مفعول** وہ اسم ہے جو اس چیز یا شخص کو ظاہر کرے جس پر کوئی کام ہوا ہو۔

**فعل** وہ لفظ ہے جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا وقت کے تعلق کے ساتھ پایا جائے۔

جیسے:　**بادشاہ نے مسجد بنوائی۔**

اوپر دیے گئے جملے میں **بادشاہ** فاعل، **مسجد** مفعول، **بنوائی** فعل اور **نے** حرف ہے۔

## سرگرمی: 1　دیے گئے فقرات میں خط کشیدہ الفاظ قواعد کی رو سے کیا ہیں؟ درست جواب منتخب کیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| ا۔ شہزادہ گھوڑے **پر** سوار تھا۔ ________ | حرف | مفعول |
| ۲۔ **شیر** غار میں سو رہا ہوگا۔ ________ | فعل | فاعل |
| ۳۔ گھوڑا **گھاس** کھاتا ہے۔ ________ | مفعول | حرف |
| ۴۔ بچے جھنڈیاں **لگا رہے ہیں**۔ ________ | فاعل | فعل |

## سرگرمی نمبر: 2 مناسب فعل کا انتخاب کرتے ہوئے جملے مکمل کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| لگا رہا ہے۔ | چلا رہا ہے۔ | سیتا ہے۔ | پکا رہا ہے۔ |





ا۔ کسان کھیتوں میں ہل ________

۲۔ درزی کپڑے ________





۳۔ باورچی کھانا ________

۴۔ مالی پودے ________

LIVEWORKSHEETS